AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 جمعرات 3 رمضان المبارک 1445ھ 14 مارچ 2024ء یکم چیت 2079ب شمارہ نمبر 271

مخصوص نشستیں ایسا لگتا ہے جیسے مال غنیمت تقسیم ہو، پشاور ہائیکورٹ

ایک جماعت 12، دوسری 18 جنرل نشستیں جیت جائے، آزاد امیدوار 12 نشستیں جیتنے والی پارٹی میں شمولیت اختیار کرلے تو پھر کیا ہوگا؟ اس صورت میں تو وہ آزاد امیدواروں کی شمولیت کے بعد بڑی پارٹی بن جائیگی

کیا سنی اتحاد کا کوئی امیدوار الیکشن میں کامیاب ہوا؟ ان کا جو چیئرمین ہے اسنے تو خود آزاد حیثیت سے الیکشن لڑا، آئین میں جو مخصوص نشستیں دی گئی ہیں اگر ان کو خالی چھوڑا جائے تو پھر تو پارلیمنٹ مکمل نہیں ہوگی، ریمارکس

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) مخصوص نشستوں سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران پشاور ہائی کورٹ نے ریمارکس دیے ہیں کہ ایسا لگتا ہے جیسے مال غنیمت تقسیم ہوا ہو۔ سنی اتحاد کونسل کی جانب سے مخصوص نشستوں کے لیے دائر درخواست پر سماعت پشاور ہائیکورٹ میں جسٹس اشتیاق ابراہیم کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے کی، جس میں جسٹس اعجاز انور، جسٹس ایس ایم عتیق شاہ، جسٹس شکیل احمد اور جسٹس سید ارشد علی شامل ہیں۔ سماعت کے موقع پر اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل، الیکشن کمیشن کے وکیل، درخواست گزار و وکیل اور دیگر فریقین کے وکلا، پیپلز پارٹی کے نیر بخاری، فیصل کریم کنڈی اور ایچ فاروق نائیک بھی عدالت میں موجود تھے۔ وکیل درخواست گزار قاضی انور ایڈووکیٹ نے اپنے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ انتخابی نشان کے حوالے سے پشاور ہائیکورٹ نے (بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم شہباز شریف کی وفاقی وزراء کے ہمراہ ولی باغ چارسدہ آمد

وزیراعظم نے صوبائی صدر اے این پی پختونخوا ایمل ولی خان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کی

چارسدہ (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا مسلم لیگ ن کے مرکزی قائدین و وفاقی وزراء کے ہمراہ ولی باغ چارسدہ آمد۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے اسفندیار ولی خان کی شریک حیات اور صوبائی صدر اے این پی پختونخوا ایمل ولی خان کی والدہ محترمہ کی وفات پر ایمل ولی خان سے تعزیت کی۔ وزیراعظم کے ہمراہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر امیر مقام اور خواجہ (بقیہ نمبر 25)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ٹورازم کے فروغ سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

رمضان پیکیج: کوتاہی پر ایکشن لیا جائیگا، وزیراعظم

حقداروں کو اشیائے خوردونوش مہیا کی جارہی ہیں، 1200 موبائل پوائنٹس اور 300 مستقل پیکیج ریلیف مراکز قائم کیے گئے ہیں، یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹا، گھی و دیگر اشیا کی کوالٹی چیک ہوگی، معیار میں سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

گھی کی قیمت میں 100 روپے کم، چاول، دال، چینی میں بھی 30 فیصد کمی کی گئی ہے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ماہانہ معاوضے میں اضافہ کرکے اب 10 ہزار روپے دیے جارہے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر چیزوں کے معیار میں سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کوتاہی برتی گئی تو ذمہ داران کے خلاف ایکشن لیا جائیگا۔ وزیراعظم نے اسلام آباد میں مختلف یوٹیلیٹی اسٹورز کا دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے وزیراعظم (بقیہ نمبر 56)

نئی حکومت بننے کے بعد غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں کا اعتماد بحال

انٹرنیشنل کارگو سروس کمپنی کا امپورٹ ایکسپریس اور آؤٹ باؤنڈ سروس شروع کرنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) انٹرنیشنل کارگو سروس کمپنی نے ایک سال سے بند امپورٹ ایکسپریس اور آؤٹ باؤنڈ سروس شروع کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈالر مسائل کے باعث کمپنی نے گزشتہ سال انٹرنیشنل سروس بند کردی تھی، نئی حکومت بننے کے بعد ملک میں موجود غیر ملکی سرمایہ کار (بقیہ نمبر 57)

ماحولیات کی تباہ کاریوں اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) ماحولیات کی تباہ کاریوں اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع (بقیہ نمبر 55)

چارسدہ، وزیراعظم شہباز شریف ایمل ولی سے انکی والدہ کی وفات پر تعزیت کررہے ہیں

پنجاب حکومت نے بھٹہ انڈسٹریل سسٹم کو ڈیجیٹلائز کرنے کا حکم دیدیا

فضائی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف باقاعدہ کریک ڈاؤن ہوگا، انسانی زندگیوں کے ساتھ کھیلنے والوں سے کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

6 جون کو پلاسٹک بیگز بین کردیئے جائیں گے، انسداد سموگ سے متعلق آگاہی مہم کے لیے نئی ایپ متعارف کروائی جائیگی، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے بھٹہ انڈسٹریل سسٹم کو ڈیجیٹلائز کرنے کا حکم دے دیا۔ سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی زیرصدارت اہم اجلاس ہوا، سینئر صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق بہتر ایئر کوالٹی انڈیکس کے لیے بھٹہ انڈسٹریل (بقیہ نمبر 26)

عمران خان، شاہ محمود قریشی کی اپیلوں پر میرٹ پر دلائل سننے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی سائفر کیس میں ضمانت اور سزا معطلی کی اپیلوں پر میرٹ پر دلائل سننے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے (بقیہ نمبر 27)

متحدہ کی صوفیہ سعید کا سندھ اسمبلی کی رکنیت چھوڑنے کا فیصلہ

الیکشن کمیشن نے صوفیہ سعید کا بطور ممبر قومی اسمبلی نوٹیفکیشن جاری کردیا

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی صوفیہ سعید نے سندھ اسمبلی کی رکنیت چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا۔ صوفیہ سعید کا نام قومی اسمبلی میں خواتین کی مخصوص نشستوں پر ترجیحی فہرست میں شامل ہے۔ ایم کیو ایم کی صوفیہ سعید مخصوص نشست پر رکن قومی اسمبلی بن گئیں، الیکشن (بقیہ نمبر 28)

پنجاب کے 18 شہروں میں سمارٹ سیف سٹیز بنانے کا معاہدہ طے پاگیا

18 شہروں میں این آر ٹی سی کی معاونت سے سمارٹ سیف سٹی پراجیکٹ لگائے جائیں گے، مریم نواز کی موجودگی میں سیف سٹی اتھارٹی، این آر ٹی سی کے درمیان معاہدے پر دستخط

18 شہروں میں ایئر کوالٹی انڈیکس مانیٹرنگ انوائرمنٹ سینسر بھی لگائے جائینگے، گجرات، جہلم، شیخوپورہ، اوکاڑہ، اور ٹیکسلا میں سیف سٹی پراجیکٹ مئی کے آخر میں فعال ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی اور این آر ٹی سی کے درمیان صوبہ بھر کے 18 شہروں میں سمارٹ سیف سٹیز بنانے کا معاہدہ طے پا گیا۔ پنجاب کے 18 شہروں میں این آر ٹی سی کی معاونت سے سمارٹ سیف سٹی اتھارٹی پراجیکٹ لگائے جائیں گے۔ سمارٹ سیف سٹی اتھارٹی پراجیکٹ کے لئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کی موجودگی میں پنجاب سیف سٹی اتھارٹی اور این آر ٹی سی کے درمیان معاہدے پر دستخط ہوگئے، سیف سٹی اتھارٹی کی طرف سے ایم ڈی احسن یونس اور این آر ٹی سی کے نمائندے سید عامر جاوید نے دستخط کیے۔ اس موقع پر بریفنگ میں بتایا گیا کہ 18 شہروں میں ایئر کوالٹی انڈیکس مانیٹرنگ انوائرمنٹ سینسر بھی لگائے جائیں گے، گجرات، جہلم، شیخوپورہ، اوکاڑہ، اور ٹیکسلا میں سیف سٹی پراجیکٹ مئی کے آخر میں فعال ہوں گے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا (بقیہ نمبر 54)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب بہتر ایئر کوالٹی انڈیکس کے لیے بھٹہ انڈسٹریل سسٹم ڈیجیٹلائز کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پی ٹی آئی ترجمانوں کو جیل سے پاکستان کو نقصان پہنچانے کی ہدایات مل رہی ہیں، عطا تارڑ

یورپی یونین کو کہا جارہا ہے جی ایس پی پلس اسٹیٹس واپس لیا جائے، کچھ سیاسی عناصر معیشت کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کی کوشش رہی کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ نہ ہو

ڈیرہ غازی خان، میانوالی اور اڈیالہ جیل کا سکیورٹی آڈٹ کیا جارہا، جیل مینوئل کے مطابق قیدی کو ہفتے میں ایک ملاقات کی اجازت ہے، یہ قید کے دوران کئی سو ملاقاتیں کر چکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ترجمانوں کو جیل سے پاکستان کو نقصانات پہنچانے کی ہدایات مل رہی ہیں، یورپی یونین کو کہا جارہا ہے، جی ایس پی پلس اسٹیٹس واپس لیا جائے، سازش کی جارہی ہے کہ پاکستان کا جی ایس پی پلس اسٹیٹس لے لیا جائے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے اڈیالہ جیل میں ملاقاتوں پر دو ہفتوں کی پابندی عائد ہونے سے متعلق کہا ہے کہ جیل مینوئل کے مطابق قیدی کو ہفتے میں ایک ملاقات کی اجازت ہے، یہ قید کے دوران کئی سو ملاقاتیں کر چکے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں شاہانہ سہولتیں مہیا کی گئی ہیں، جیل مینوئل سے ہٹ کر مزید سہولتوں کے لیے آپ عدالتوں سے رجوع کریں، آپ کو جیل میں جو سہولتیں مل رہی ہیں اور کسی قیدی کو میسر نہیں، ڈیرہ غازی خان، (بقیہ نمبر 29)

ناجائز منافع خوری پر 110 افراد کیخلاف مقدمات درج، 83 گرفتار

حکومت پنجاب کی ناجائز منافع خوری کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل ہوگا، رافعہ حیدر

لاہور (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور گزشتہ 24 گھنٹوں میں 2 ہزار 588 پوائنٹس کی چیکنگ، 347 مقامات پر خلاف ورزیاں پکڑی گئیں، ناجائز منافع خوری پر 110 افراد کیخلاف مقدمات درج، 83 کو گرفتار کیا (بقیہ نمبر 32)

وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے عہدے کا باقاعدہ (بقیہ نمبر 30)

پیپلز پارٹی کا آصفہ بھٹو کو ضمنی الیکشن لڑانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے بی بی آصفہ بھٹو زرداری کو ضمنی (بقیہ نمبر 31)

لاہور، وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان ای بائیکس اسٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

توہین عدالت کی درخواست، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو نوٹس جاری

اجارہ داری کا نظام قائم، لاقانونیت اس وقت ملک میں بڑھ چڑھ کر بول رہی ہے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ علامہ ناصر عباس نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے عدالتی احکامات کے باوجود ملاقات نہیں کروانے پر اسلام (بقیہ نمبر 33)

بانی چیئرمین سے متعلق قوم میں تشویش پائی جارہی ہے، مسرت چیمہ

فیملی، وکلا یا قریبی رفقاء سے کیا خطرہ ہونا تھا جو جیل میں ملاقاتوں سے روکا گیا، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عدالتی حکم کے باوجود ہماری بانی چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں ہونے دی گئی، بانی چیئرمین (بقیہ نمبر 34)

پاکستان میں سری لنکا والا کام ہونے جارہا ہے، عمران خان

الیکشن جھوٹے ہوئے، اداروں کی ساکھ ختم کردی گئی سکیورٹی تھریٹ کا کہا جارہا ہے یہ بھی جھوٹ ہے سارا ملک جھوٹ پر چل رہا ہے

اب مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام باہر نکل آئے گی، الیکشن میں دھاندلی کے خلاف ہمارا پرامن احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں سری لنکا والا کام ہونے جارہا ہے، اب مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام باہر نکل آئے گی۔ اڈیالہ جیل میں میڈیا نمائندوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب کچھ جھوٹ پر چل رہا ہے، الیکشن جھوٹے ہوئے، اداروں کی ساکھ ختم کردی گئی سکیورٹی تھریٹ کا کہا جارہا ہے یہ بھی جھوٹ ہے سارا ملک جھوٹ پر چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے (بقیہ نمبر 35)

پنجاب، مخصوص نشستوں کیلئے سنی اتحاد کی حکم امتناع کی استدعا مسترد

لاہور ہائیکورٹ نے وفاق اور پنجاب حکومت کو تحریری جواب جمع کرانے کی مہلت دیدی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پنجاب میں مخصوص نشستوں کے لئے سربراہ سنی اتحاد کونسل حامد رضا کی حکم امتناع کی استدعا مسترد کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس (بقیہ نمبر 36)

پی ایس ایل 9 کے میڈیا رائٹس کی نیلامی کیخلاف درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ایس ایل 9 کے میڈیا رائٹس کی (بقیہ نمبر 37)

گوادر نارتھ فری زون کے گرد حفاظتی دیوار کی تعمیر مکمل

گوادر (این این آئی) گوادر نارتھ فری زون (فیز ٹو) کے گرد 8 کلومیٹر طویل حفاظتی (بقیہ نمبر 38)

پنجاب کو سرمایہ کاری کا حقیقی حب بنائیں گے، چوہدری شافع حسین

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے (بقیہ نمبر 39)

لاہور، صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ستھرا پنجاب مہم میں پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ قصر بہبود کا دورہ کررہے ہیں

جولائی تا جنوری، کثیرالجہتی پارٹنرز سے 2.408 ارب ڈالر موصول

دوطرفہ پارٹنرز سے 79 کروڑ 46 لاکھ سے زائد ملے، ٹائم ڈپازٹس کا حجم دو ارب ڈالر رہا

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران پاکستان کو کثیرالجہتی پارٹنرز کل 2.408 ارب ڈالر اور دوطرفہ پارٹنرز سے 79 کروڑ 46 لاکھ دس ہزار ڈالر موصول (بقیہ نمبر 40)

ملکی ترقی کیلئے شعبہ تعلیم میں ایمرجنسی کا نفاذ کرنا ہوگا، چوہدری سرور

آج بھی کروڑوں بچے سکولوں سے باہر ہیں جو لمحہ فکریہ ہونا چاہیے، سابق گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے کہا ہے کہ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے تو تعلیم کے شعبے میں ایمرجنسی کا نفاذ کرنا ہوگا، ہمارے ہاں جو نصاب (بقیہ نمبر 41)

سی پی این ای کا پریس فریڈم اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی کی تشکیل کا اعلان

کراچی (این این آئی) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی جانب سے سال 24-2023 کے لیے (بقیہ نمبر 43)

فرانسیسی اخبار کی بے شرمی، غزہ کے مصائب پر بھی کارٹون بنا ڈالا

پیرس (این این آئی) فرانس کے ایک اخبار نے رمضان المبارک کی آمد پر ایک کارٹون میں غزہ کے بھوک کے ستائے ہوئے (بقیہ نمبر 42)

میانوالی، ڈیرہ غازی خان اور اٹک جیل کو تھرٹ الرٹ جاری

مراسلے میں پولیس اور رینجرز کے ذریعے سکیورٹی مشقیں کرنے کی بھی ہدایت دی

راولپنڈی (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے جیلوں میں دہشتگردانہ حملے کے خدشہ کے پیش نظر میانوالی، ڈیرہ غازی خان اور اٹک جیل کو تھرٹ الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ داخلہ کی (بقیہ نمبر 45)

مخصوص نشستیں، لاہور ہائی کورٹ میں الیکشن ٹریبونل قائم

ٹریبونل میں ریٹرننگ آفیسر کے فیصلوں کیخلاف درخواستیں دائر ہوں گی

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے لاہور ہائی کورٹ میں الیکشن ٹریبونل قائم کر دیا۔ الیکشن ٹریبونل پنجاب سے خواتین کی قومی اور صوبائی اسمبلی کی مخصوص نشستوں سے متعلق (بقیہ نمبر 46)

مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں دروازے بند نہیں کیے، بیرسٹر گوہر

کہ ہم کوشش کرتے ہیں برف پگھلے اور آگے بڑھیں، لیکن حکومتی اقدامات ہمیں دوراہے پر لے جارہے ہیں، پارلیمان میں بات کرکے آگے بڑھیں

بانی پی ٹی آئی سے ملنے آتے ہیں تو بھی قدغن لگایا جاتا ہے، دہشتگردی ایک سیریس مسئلہ ہے، نہیں چاہتے کہ ملک میں کسی قسم کی دہشتگردی ہو، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہیکہ ہم مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، بات چیت کے دروازے بند نہیں کیے۔ رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی ایک سیریس مسئلہ ہے، نہیں چاہتے کہ ملک میں کسی قسم کی دہشتگردی ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، ہم نے مذاکرات کے دروازے بند نہیں کیے، لیکن حکومت کے ساتھ کس بات پر مذاکرات کریں؟ پارلیمان میں (بقیہ نمبر 44)

لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے بریفنگ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی خالی نشستوں پر ضمنی الیکشن کا شیڈول جاری

قومی اسمبلی 6، پنجاب 12، خیبرپختونخوا 2، بلوچستان اسمبلی 2 اور سندھ اسمبلی کی ایک نشست پر 21 اپریل کو ضمنی انتخابات ہوں گے

کاغذات نامزدگی کیخلاف اپیلیں 25 مارچ تک جمع، ٹریبونل 28 تک اپیلیں نمٹائیںگے، حتمی فہرست 29 مارچ کو آویزاں کی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی خالی نشستوں پر ضمنی الیکشن کا شیڈول جاری کردیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ملک بھر میں خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات 21 اپریل کو ہوں گے، قومی اسمبلی کی 6، پنجاب اسمبلی کی 12 نشستوں پر ضمنی انتخابات ہوں گے، خیبر پختونخوا اسمبلی کی 2، بلوچستان اسمبلی کی 2 اور سندھ اسمبلی کی 1 نشست پر ضمنی انتخابات ہوں گے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ضمنی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی 1 (بقیہ نمبر 53)

سال 2023، بینکوں کے خالص منافع میں 86 فیصد اضافہ

بینکوں کے منافع میں تاریخی اضافے کی بنیادی وجہ بلند شرح سود ہے، ماہرین

کراچی (این این آئی) گزشتہ مالی سال کے دوران بینکوں کے خالص منافع میں 86 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دسمبر 2023 میں ختم ہونے والے گزشتہ مالی سال کے دوران بینکوں کے خالص منافع میں 86 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس سے بینکوں کی کمائی (بقیہ نمبر 51)

بلاول کا پی پی خواتین ونگ کے پی کی رہنما صائمہ عمر کے انتقال پر اظہار رنج و غم

اسلام آباد (این این آئی) پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان (بقیہ نمبر 52)

پشین، ایمبولینس سے 600 کلو چرس برآمد، ایک ملزم گرفتار

پشین (این این آئی) پشین کے علاقے سرانان میں لیویز نے کارروائی کرتے ہوئے ایمبولینس سے 600 کلوگرام چرس برآمد کرکے (بقیہ نمبر 50)

سوشل میڈیا پر پابندی کیخلاف درخواست سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سوشل میڈیا پر پابندی کے خلاف دائر درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض دور کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 49)

انتخابی نتائج محفوظ بنانے کیلئے درخواست پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عام انتخابات کے نتائج کے فارم 45 اور 47 کو محفوظ بنانے کے لئے درخواست پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس شجاعت علی خان نے شہری شیخ فضل الٰہی کی (بقیہ نمبر 47)

ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ
مارکیٹ کمیٹی ملتان روڈ لاہور
محکمہ زراعت حکومت پنجاب

لاہور، وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی ماڈل بازار کا دورہ کررہے ہیں

ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ غیر قانونی ہے، اوگرا

چند بددیانت عناصر مصنوعی قلت پیدا کرکے ایل پی جی کی رسائی مشکل بنا رہے ہیں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) اوگرا نے کہا ہے کہ ایل پی جی مالیکیولز کا ملک میں وافر ذخیرہ موجود ہونے کا باوجود ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ غیر قانونی ہے۔ ترجمان عمران غزنوی کے مطابق ایل پی جی کی قیمتوں میں مصنوعی اضافے کی بنیادی وجہ ایل پی جی گیس کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی (بقیہ نمبر 48)

لاہور، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر محکمہ صحت میں قائم ایف ایم صحت زندگی سٹوڈیو میں لائیو پروگرام میں شرکت کررہے ہیں

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

ایڈیٹوریل

پاکستان نے ایک اور بڑا اعزاز حاصل کرلیا،

پاکستان نے ایک اور بڑا اعزاز حاصل کرلیا، پاکستان نے سارک ویمن انٹرو پنیورز شپ کونسل کی چیئر مین شپ حاصل کرلی۔ پاکستان کو 14 سال بعد سارک ممالک کے ویمن انٹرو پنیورز شپ کونسل کی چیئر مین شپ ملی۔ پاکستان سے سینئر ویمن بزنس لیڈر حنا منصب خان کو سارک ویمن انٹرو پنیورز شپ کونسل کا باقاعدہ چیئر مین منتخب کرلیا گیا جبکہ نائب صدارت کیلئے سابق نائب صدر وفاقی چیمبر رفعت ملک کو منتخب کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں عظیم سیمینار اور حلف برداری تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی روح العالم، پاکستان سے سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے نائب صدر میاں انجم نثار، بنگلہ دیش سے سارک چیمبر کے نائب صدر شفقت حیدر اور رکن پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ اور فلمسٹار میرا شامل تھیں۔ اس موقع پر نائب صدر سارک چیمبر پاکستان میاں انجم نثار، نائب صدر سارک چیمبر بنگلہ دیش شفقت حیدر نے نو منتخب عہدیداروں سے حلف لیا۔ سارک چیمبر آف کامرس کی ویمن انٹرو پنیورز شپ کونسل کی چیئر مین شپ 2014 میں پاکستان کے پاس آئی تھی جبکہ 2024 میں نائب صدر سارک چیمبر پاکستان میاں انجم نثار کی خصوصی کاوش کی بدولت دوبارہ سارک ویمن انٹرو پنیورز شپ کونسل کی چیئر مین شپ پاکستان کو ملی ہے۔ ہائی کمشنر بنگلہ دیش ایم ڈی روح العالم نے کہا کہ سارک ممالک کے پلیٹ فارم سے پاکستانی خواتین کے کاروبار کو فروغ دینے کیلئے اہم کردار ادا کیا جائے گا۔ اس موقع پر بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر نے نو منتخب چیئر پرسن سارک چیمبر حنا منصب خان کو مبارکباد پیش کی اور انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ نائب صدر سارک چیمبر آف کامرس انڈسٹریز میاں انجم نثار نے کہا کہ پاکستان کو سارک ویمن چیمبر کی چیئر مین شپ ملنا اعزاز کی بات ہے جس سے نا صرف پاکستان میں خواتین کا بزنس فروغ پائے گا بلکہ سارک ممالک سمیت عالمی دنیا میں نئی مارکیٹس اور منڈیاں تلاش کر کے خواتین اپنے کاروبار کو ترقی دے سکیں گی۔ بنگلہ دیش سے سارک چیمبر کے نائب صدر شفقت حیدر نے کہا کہ سارک چیمبر کی خواہش ہے کہ پاکستانی خواتین سارک ممالک کے ساتھ باہمی و تجارتی روابط کو مربوط کریں اور ملک و معیشت کو ترقی دیں سارک ممالک کے درمیان تا حال ٹریڈ کو بڑھانے کیلئے سخت اقدامات کی اشد ضرورت ہے جس کیلئے جدو جہد کررہے ہیں۔ سارک چیمبر کے زیر اہتمام ہونیوالے عظیم الشان سیمینار میں بنگلہ دیش، انڈیا نیپال، مالدیوز افغانستان، اور ایتھوپیا سے بھی خواتین بزنس لیڈرز اور سارک چیمبر کی عہدیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

سوتے وقت خلائی مخلوق کا نظر آنا؟

۔ ڈاکٹر تصور حسین مرزا

اکثر ہم سنتے ہیں بچہ اور کبھی جوان سوتے سوتے ڈر جاتا ہے کچھ لوگ جن بھوت کا سائیہ قرار دیتے ہیں . عموماً ہم سب زندگی کے کسی نہ کسی حصہ میں اس کیفیت سے ضرور گزرے ہونگے. میڈیکل میں اس کو (Sleep Paralysis) یا عارضی فالج کہتے ہیں یہ ایک خوفناک اور حیرت انگیز ہے۔ انسان خود کو ہوش میں تو محسوس کرتا ہے مگر اپنے جسم کو حرکت نہیں دے سکتا۔ عارضی فالج تب نمودار ہوتا ہے جب انسان ابھی سویا ہو یا نیند سے بیدار ہونے کے قریب ہو۔ عارضی فالج کے دوارن انسان کا دم گھٹتا ہے اور سینے پر وزن محسوس ہوتا ہے۔ یہ حالت چند سیکنڈز سے چند منٹس تک ہوسکتی ہے۔ ریسرچ کے مطابق صدمے، اضطراب اور ذہنی دباؤ کی وجہ سے عارضی فالج ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ عاضی فالج تب ہوتا ہے جب انسان REM سائیکل ختم ہونے سے پہلے بیدار ہو جاتا ہے۔

. REM is short for rapid eye , the movement stage of sleep when your eyes move back and forth under your closed eyelids - and you have dream.

REM نیند کی ایسی حالت ہے جس میں دماغ بہت فعال ہوتا ہے اور خواب بھی اسی حالت کے دوران آتے ہیں۔ REM کے دوران جسم کے مسلز بنیادی طور پر ریلیکس ہو جاتے ہیں اور کام کرنے کی صلاحت نہیں رکھتے تا کہ آپ اپنے خواب کے مطابق حرکت کرتے ہوئے خود کو نقصان نہ پہنچا لیں۔ عارضی فالج (سلیپ پیرالائسز) تب ہوتا ہے جب ہمارا دماغ تو REM فیز سے باہر آچکا ہوتا ہے لیکن جسم ابھی بھی ا حالت میں ہوتا ہے۔ یعنی ہمارے جسم کے پٹھے (مسلز) ابھی بھی غیر فعال ہوتے ہیں۔ اس دوران لوگ سحر انگیزی کی کیفیت سے گزرتے ہیں کیونکہ ہمارا دماغ ابھی بھی خواب کی سی حالت میں ہوتا ہے۔ جو لوگ اس حالت سے گزرتے ہیں وہ عارضی فالج کے دوران غیر معمولی اور عجیب مخلوق (جن، جنات بھوت یا سائیہ) کو دیکھتے ہیں۔ عارضی فالج میں انسان مختلف اقسام کے دھوکے میں آ جاتا ہے۔ ان میں سے ایک انٹروڈر فینومینن (intruder phenomenon) کہلاتا ہے جس میں انسان محسوس کرتا ہے کہ ان کے پاس کمرے میں کوئی ہے۔ جبکہ ایک دوسرے مظہر کو انکیوبس فینومینن (incubus phenomenon) کہتے ہیں جس میں انسان نیند کے دوران خود پر دباؤ محسوس کرتا۔ یہ بیماری عام طور پر دس سے پچیس سال کی عمر کے افراد میں پائی جاتی ہے۔ یہ بیماری جینیاتی بھی ہوسکتی ہے۔ اس بیماری کو عموماً نارکولیپسی (Narcolepsy)سے جوڑا جاتا ہے۔ یعنی ایسی حالت جس میں غنودگی چھائی رہتی ہے۔ بلکل سیدھا لیٹ کر سونے سے عارضی فالج کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

اس کی وجوہات میں بے خوابی یا نیند میں بے قاعدگی بھی ہوسکتی ہیں۔ عارضی فالج کا کوئی خاص علاج تو نہیں ہے۔ مگر اس کی شدت میں اینٹی ڈیپریسینٹ ادویات تجویز کی جاتی ہیں۔ عارضی فالج پر قابو پانے میں مختلف قسم کی تھیراپیز بھی مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔ میرے ایک دوست مجھے بتایا دوست کی زبانی سنیئے وہ کہتا ہے کہ ایک صبح دوران نیند میں نے محسوس کیا کہ میرے سینے پر کوئی بھاری مخلوق چڑھ کر مجھے دبوچ رہی ہے، وہ میرا گلہ دبا کے مجھے مارنا چاہتی ہے، میں نے اس مخلوق سے خود کو چھڑانے کی بھرپور کوشش کی اور پھر کچھ مزاحمت کے بعد بالآخر میں کامیاب ہوگیا، اور وہ مخلوق ہوا میں کہیں اڑ کر غائب ہوگئی، میں نے اپنی آنکھیں کھولیں، لیکن اس وقت تک میرا جسم مفلوج ہوچکا تھا، میں نے سوچا کہ جس سے میں نے مزاحمت کی کیا وہ بھوت کا سایہ تھا؟ یا محض ڈراؤنا خواب یا پھر کچھ اور؟ میں بندہ ناچیز ڈاکٹر تصور حسین مرزا نے اس کو بتایا کہ آپ کی طرح اکثر لوگوں کو صبح اٹھنے سے پہلے دوران نیند کچھ ایسی ہی مزاحمت کرنی پڑتی ہے اور انہیں بھی اپنا جسم مکمل مفلوج محسوس ہوتا ہے، اور اس کیفیت کے دوران ان کے جسم کے تمام مسلز حرکت کرنا چھوڑ دیتے ہیں اور مفلوج ہوجاتے ہیں، اس کے علاوہ اکثر لوگوں کو دوران نیند اپنے سینے پر بہت بھاری پن محسوس ہونے لگتا ہے، اور اپنے بستر سے اٹھنے کی ہمت تک نہیں ہوتی۔ یہ سب (Sleep Paralysis) ہے اور کچھ نہیں

آخر میں اتنا کہنا چاہتا ہوں اگر ہم یا اپنے عزیزوں کو پرسکون نیند سے ہمکنار کرنا چاہتے اور (sleep Paralysis) سے بچنے کیلئے اور بچوں کو نیند میں ڈر لگنے سے بچانے کیلئے سونے کے لیے لیٹنے کا سنت طریقہ پر عمل کرنا ہوگا یعنی دائیں کروٹ پر قبلہ کی طرف رخ کر کے لیٹ جائیں اور دایاں ہاتھ رخسار کے نیچے رکھ کر سوجائے۔ اگر مکمل وقت اسی کیفیت سے سونا مشکل ہو تو کم از کم سونے کے لیے لیٹتے وقت اس ہیئت پر لیٹ جائے۔ اور سوتے وقت آیت الکرسی یا کم از کم سونے کی دعا پڑھ کر سونا چاہیے سب سے اچھی بات باقاعدہ وضو کر کے سونے سے کسی قسم کا ڈر وغیرہ نہیں ہوگا

قرض کی نہیں، سرمایہ کاری کی بات!

شاہد ندیم

اس ملک کے عوام کو درپیش مشکلات ہرزبان زدِعام ہیں ،عوام ان کا مداوا چاہتے ہیں، لیکن اس کا مدوا تو درکنار ،اس کا موجب بنے والوں پر کوئی ہاتھ نہیں ڈال رہا ہے، مٹھی بھر اشرافیہ نوئے فیصد وسائل پر قابض ہے، جبکہ غریب مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، اس کے باوجود عالمی ادارے اُن خوردہ فروشوں پر ہی ٹیکس لگانے کا تقاضا کررہے ہیں ،جوکہ پہلے ہی مشکل سے اپنی روزی کمارہے ہیں، جبکہ ہول سیلرز کی منافع خوری سے چشم پوشی کی جارہی ہے، ہر حکومت اشرافیہ کی سبسڈی ختم کرنے اور ٹیکس کی بجائے ٹیکس نیٹ بڑھانے کے عزم کا اعادہ ضرور کرتی ہے ،مگر اس کے برعکس ہی عمل درآمد ہوتا ہے ، املک میں کل بھی غریب کو ہی قربانی کا بکرا بناجاتا رہا ہے ، آج بھی عام لوگوں پر ہی سارا بوجھ ڈالا جارہاہے۔

عوام کیسے آزمائے لوگوں سے بہتری کی توقعات رکھ سکتے ہیں اور کیسے اِن سے کوئی اچھی اُمید وابستہ کرسکتے ہیں کہ یہ لوگ کچھ نیا کریں گے ، یہ کل جو باتیں کرتے رہے ہیں ،وہی آج بھی دہرائے جارہے ہیں ، وزیراعظم شہباز شریف کا وفاقی کا بینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ حکومت کا کام کاروبار نہیں ،نجی شعبے کی معانت کرے گی ،قرض کی نہیں، سرمایہ کاری کی بات کی جائے گی، مٹھی بھر اشرافیہ ۰۹ فیصد عوام کے وسائل پر قابض ہے، ان وسائل کو اشرافیہ کی گرفت سے نکلا جائے گا، ان کی تقریر ایک انقلابی اپوزیشن لیڈر کی تقریر لگ رہی تھی اور ایسا لگ رہا تھا کہ جیسے ایک بار پھر وہ کہنے والے ہیں کہ اگر اس مرتبہ عوام کو ترقی یافتہ ملک نہ بنا سکا تو میرا نام بدل دینا، لیکن انہوں نے ایسا نہیں کہا، بلکہ وہ بات کہہ دی ،جوکہ عرصے سے عوام کی زبانوں پر ہے ،معیشت بحال کرو، اب نہیں یا کبھی نہیں تک بات پہنچ چکی ہے۔

یہ سب باتیں کرتے ہوئے میاں شہباز بھول رہے ہیں کہ حکمران ٹولے کے لیے اب نہیں یا کبھی نہیں کا مرحلہ تو کئی برس قبل گزر چکا ہے، لیکن اسے اشرافیہ ہی بچارہی ہے اور دوبارہ لا رہی ہے، اس ملک کی مقتدرہ بھی اشرافیہ کا ہی حصہ ہے کہ جس کی سبسڈی ختم کرنے کی بات کی جارہی ہے، انہوں نے جتنی باتیں کی ہیں ،وہ صرف باتیں ہیں اور اسمبلی کے اجلاس تک ہی محدود ہیں ،کیونکہ ان کے نئے وزیرخزانہ بھی کاروباری ہیں اور انہوں نے وزیراعظم کے اعلان کی نفی کردی ہے کہ قرض کی نہیں سرمایہ کاری کی بات کروں گا، وزیرخزانہ نے کہا ہے کہ باتیں نہیں، کام کروں گا[اور آئی ایم ایف پروگرام میں جا ناانتہائی ضروری ہے، اس کے بعد قرض نہیں ،سر مایہ کاری کی باتیں بے معنی ہوجاتی ہیں۔

یہ بات سب ہی جانتے ہیں کہ نئے وزیر خزانہ اورنگزیب خان نے جو کچھ بھی فرمایا ہے، حکومت وہی کچھ کرے گی اور وزیراعظم محض عوام کو بہلانے کیلئے تقاریر ہی کرتے رہیں گے، جہاں تک اشرافیہ کی سبسڈی کی بات ہے تو اسے کسی سبسڈی کی ضرورت ہی نہیں ہے ، حکومت میں شامل جاگیردار طبقے نے پہلے ہی قانون سازی کرکے اپنا حق قرار دے دیا ہوا ہے، وہ جو کچھ بھی لے رہے ہیں، اسے اپنا قانونی حق قرار دیتے ہیں ،سبسڈی تو غریب عوام کو ملنی چاہیے،لیکن نہیں مل رہی ہے ، بلکہ مزید روکی جارہی ہے ، آئی ایم ایف نے کوئی سبسڈی دینے سے سختی سے روک دیا ہے ، اب عام عوام قرض در قرض کا بوجھ بھی اُٹھائیں گے اور انہیں کوئی ریلیف بھی نہیں دیا جائے گا۔

یہ آزمائے لوگ کب تک عوام کو اپنے آزمائے فارمولوں سے بہلاتے اور بہکاتے رہیں گے ،عوام اب کسی بہکاؤئے اور بہلاؤئے میں آنے والے نہیں ہیں ، عوام نمائشی اعلانات میں کوئی دلچسپی رکھتے ہیں نہ ہی کسی بیانیہ پر اعتماد کرتے ہیں ، عوام جانتے ہیں کہ بارہ ارب کے رمضان پیکیج پر بھی اپنے ہی لوگوں کو نواز کر عام لوگوں کو بے وقوف بنایا جارہا ہے ، اگر اس حکومت کو واقعی عام لوگوں کا خیال ہوتا تو اس بارہ ارب سے روز گار دیا جاتا، ناکہ لائینوں میں لگا کر بھاری بنایا جارہا ہے ، یہ آزمائے بھکاری ذہنیت کے لوگ عوام کو بھی بھکاری بنانے پر ہی تلے ہوئے ہیں ،یہ قرض پر قرض لے کر اپنے اقتدار کو دوام دیے رہے اور عوام کو بھکاری سمجھ کر اپنی تصویر والے آٹے کے تھیلے دیے رہے ہیں ، اس کے بعد کہتے ہیں کہ اشرافیہ سے عوام کی جان چھڑائیں گے ،جبکہ اس اشرافیہ کو ہی ساڑھے سترہ ارب ڈالر سالانہ کی بنیادوں پر سرکاری خزانے سے دیے جارہے ہیں اور اس کے بدلے میں عام آدمی کا خون نچوڑے جارہے ہیں تو معیشت کیسے سنبھلے گی اور کیسے قرض کی نہیں، سرمایہ کاری کی باتیں پوری ہو پائیں گی!

سچ بولنا منع ہے۔

محمد نعیم قریشی۔

سپریم کورٹ نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کیخلاف کیس کی گزشتہ روز کی سماعت کا تحریری حکمنامہ جاری کردیاہے 4 صفحات پر مشتمل حکمنامہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے تحریر کیا ہے حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ صحافیوں پر حملوں سے متعلق ایف آئی اے اور پولیس کی رپورٹس تسلی بخش نہیں ہے، ایف آئی اے اور پولیس دوبارہ تفصیلی رپورٹس جمع کرائیں تحریری حکمنامے کے مطابق سپریم کورٹ یا رجسٹرار نے کسی صحافی کے خلاف کارروائی کا نہیں کہا، ایف آئی اے کے صحافیوں کو جاری نوٹسز میں عدلیہ کا نام غلط استعمال کیا گیا،سپریم کورٹ کے حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ ایف آئی اے کے نوٹسز سے غلط پیغام گیا کہ سپریم کورٹ صحافیوں کیخلاف کارروائی کرا رہی ہے، سپریم کورٹ کی اس تازہ ترین تفصیلات کے بعد ہم کچھ آگے بڑھتے ہیں پاکستان میں صحافت کا شعبہ خطرناک ترین شعبہ بن چکا ہے گزشتہ چند برسوں میں ہمارے سامنے ہمارے بہت سے صحافی اپنی جان کی بازی ہار چکے ہیں جس میں زیادہ تر کو انصاف نہیں ملا جو صحافی ہم سے بچھڑ گئے ان میں ارشد شریف، سلیم شہزاد، عبد الحق بلوچ، رزاق گل،حاجی زئی،ملک ممتاز، محمود آفریدی، مرزا اقبال، سیف الرحمان، اسلم درانی، ایوب خٹک،عمران شیخ،مکرم خان، عارف خان یا مصری خان، ولی خان بابر ہو یا عزیز میمن، موسی خیل ہوں یا چشتی مجاہد، ہدایت اللہ خان ہوں یا عامر نواب، راجہ اسد حمید، فضل وہاب ہوں یا صلاح الدین، غلام رسول ہوں یا عبد الرزاق، محمد ابراہیم، ساجد تنولی ہوں یا شاہد سومرو یا لالہ حمید بلوچ ہوں یہ تمام صحافی اسی شعبے سے وابسطہ تھے یہ تمام نام آپکو میڈیا ریکارڈ سے مل سکتے ہیں مگر نہیں مل سکتا تو وہ ہے انصاف۔اس ملک کی دو بڑی سیاسی جماعتوں نے جو ایک سے زائد بار حکومتیں بناچکی ہیں انہوں نے ہمیشہ میڈیا کو کنٹرول کرکے ہی سیاسی حالات کو اپنے لیے سازگار بنایا ہے اس کی بڑی وجہ یا تو سچ کو دبادیا گیا یا پھر خریدلیا گیا۔ آزادی صحافت پاکستان میں تو ابھی تک ایک خواب سے زیادہ کچھ بھی نہیں ہے اور ڈیجیٹل میڈیا کے دور میں پیشہ وارانہ صحافت کوسب سے زیادہ جدوجہد مس انفارمیشن اور ڈس انفارمیشن کے خلاف کرنا پڑ رہی ہے۔ پرویز مشرف جوکہ آمر تھے انہوں نے اپنے دور حکومت میں پرائیوٹ میڈیا کو کام کرنیکی اجازت دی تاہم کچھ عرصے بعد وہ اس آزادی صحافت کو لے کر پریشان ہوگئے اور اس پر قدغن لگانے کی کوشش کی۔انہوں نے صحافیوں کو پابند سلاسل کرنے کی کوشش کی ان کے شو بند کروادئے 2021ء میں سابق وفاقی وزیر شریں مزاری نے ماہرین قانون اور دیگر صحافی تنظیموں کی مشاورت سے جرنلسٹ اینڈ میڈیا پروٹیکشن بل پاس کروایا، مئی 2021ء میں سندھ کی صوبائی اسمبلی میں اسی طرح کے ایک بل کو پیش کیا گیا اور 4 اگست 2021ء میں اسے قانونی شکل دے دی گئی جبکہ اس قومی بل کو دسمبر 2021ء میں صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے دستخط کرکے باقاعدہ قانون کا حصہ بنایا۔ دیکھاجائے تو قومی اور صوبائی دونوں قوانین کی رو سے صحافی اپنی معلومات کے ذرائع ظاہر کرنے کا پابند نہیں۔ قانون یہ بھی کہتا ہے کہ آرٹیکل 19 کے تحت صحافیوں کی جان و مال کا تحفظ، ریاست کی ذمہ داری ہے۔ہوناتو یہ چاہیے جہاں ہر پاکستانی کو آزادی اظہار کا حق حاصل ہے وہیں کسی بھی صحافی کی زندگی اس کے کام کی وجہ سے متاثر نہیں ہونی چاہیے۔ قانون کی ایک دفعہ یہ بھی ہے کہ کوئی دوسرا قانون صحافیوں کو ان کے کام سے نہیں روک سکتا مگر شاید یہاں قانون صرف نام تک محدود ہے اور عملی اقدامات میں حکومت وقت کے دباو سے چلتا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ پاکستان میں آزادی صحافت پر سوالیہ نشان اب ایک بدنما داغ کی شکل اختیار کرچکا ہے۔ کیونکہ پاکستان میں آمریت ہو یا جمہوریت، آزادی صحافت ہر دور میں کوڑے ہی کھاتی رہی ہے،واضح رہے کہ گزشتہ 3 دہائیوں کے دوران 70 سے زائد صحافی دہشت گرد حملوں کی زد میں آئے جبکہ 170 کے قریب فرض کی ادائیگی کے دوران مختلف واقعات میں جان سے چلے گئیہ ہی وجہ ہے کہ پاکستان صحافت کیلئے خطرناک ترین ممالک کی فہرست میں پہلے نمبروں کے اردگرد دکھائی دیتاہے۔ پاکستان میں آزادی اظہار رائے کا جس طرح گلا دبایا گیا ہے اس کی مثال کہیں نہیں ملتی کیونکہ پاکستان میں خطرہ اب صرف کارکن صحافیوں کو ہی نہیں بلکہ سوشل میڈیا کے انقلاب کے بعد بلاگرز اور یو ٹیو برز کو بھی ہے جس کی ایک بڑی مثال عمران ریاض خان ہے بلکہ اب تو بعض ایسے لوگوں کو بھی اٹھا لیا جاتا ہے جو ٹوئٹر پر متحرک نظر آتے ہیں اور ریاستی بیانیے کو چیلنج کرتے ہیں۔ بہت سے ایسے لوگوں کے خلاف غداری اور توہین مذہب کے قانون کے تحت بھی مقدمات درج ہو رہے ہیں۔ پاکستان میں آزادی اظہار رائے ہر آنے والے دن کے ساتھ پابند ہوتی جا رہی ہے۔ عمران ریاض جو کہ کئی ماہ بعد گھر پہنچے تھے ایک بار پھر سے گرفتار ہوئے مگر معزز عدلیہ کی وجہ سے وہ اب گھر پر ہیں۔ اس سے پہلے عمران ریاض خان کو 9 مئی کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری پر ملک بھر میں پُرتشدد مظاہروں کے بعد گرفتار کیا گیا تھا۔عمران ریاض خان سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے مسقط جارہے تھے کہ ایف آئی اے حکام نے گرفتار کر کے پولیس کے حوالے کردیا تھا۔ عمران ریاض کے والد کمرہ عدالت میں آبدیدہ ہوگئے تھے اور کہا تھا کہ یہی سچ ہے، یہ حکومت پاکستان ہے، یہاں لوگ غائب ہوجاتے ہیں، رحم کریں، اس (عمران ریاض) کا قصور سچ بولنا ہے، مار دو، ایک ہی دفعہ مار دو ہمیں صبر آجائے گا۔ آج سے تین سال پہلے ایک خبر یہ تھی کہ اسلام آباد میں نامعلوم افراد نے صحافی اور یو ٹیوب ولاگر اسد علی طور کو ان کے گھر میں گھس کر تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔آج یہ صحافی بھی ان دنوں پابند سلاسل ہے۔ واضح رہے کہ 26 اور 27 فروری کی رات ایف آئی اے نے اسد طور کو انتخابات سے قبل تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو 'بلے' کے نشان سے محروم کرنے کے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد اعلی عدلیہ کے خلاف 'بد نیتی پر مبنی مہم' کے الزامات کے تحت گرفتار کیا تھا سپریم کورٹ میں چیف جسٹس کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے صحافیوں کو ایف آئی اے کے نوٹس دیے جانے اور ہراساں کیے جانے کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ چیف جسٹس نے آئی جی اسلام آباد سے کہا کہ پورا ملک آپ کی کارکردگی دیکھ رہا ہے، آئی جی اسلام آباد کے رویے سے لگتا ہے کہ وہ سہولت کاری کررہے ہیں، کسی صحافی کو گولی ماردو، کسی پرتشدد کرو، کسی کو اٹھالو، سیف سٹی کیمرے خراب ہوجاتے ہیں۔ پاکستان میں دور چاہے کسی خالص آمر کا ہو یا جمہوریت کے لبادے میں لپٹے آمر کا صحافیوں کے لیے مسلسل تنگ ہوتی زمین نے یہ ثابت کردیا ہے کہ اگر آپ نے اس ملک میں رہنا ہے تو یہ جان کر جینا ہوگا کہ یہاں سچ بولنا سختی سے منع ہے۔

عاق نامہ

میں اپنی بیٹی مسماۃ مریم بی بی زوجہ بلال احمد ساکن لیاقت آباد نمبر 2 گلی نمبر 19 جھنگ روڈ فیصل اباد کو بوجہ نافرمانی، گستاخی وغلط حرکات اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا میرے اہل خانہ کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہیں میں اس کے کسی بھی قول وفعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہونگا تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں

المشتہر

حاجی نزیر احمد ولد شیخ محمد شریف ساکن علی ولاز کالونی مکان نمبر 39/P جڑانوالہ روڈ فیصل اباد

بعدالت جناب ملک سیف مظفر صاحب جج فیملی کورٹ ظفروال

گلنار بنام نصیر احمد

دعوی تنسیخ نکاح ولاپانے جہیز نان ونفقہ

نصیر احمد ولد بشیر احمد قوم نومسلم ساکن مست پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 19.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب ثنا احسان الرحمن صاحبہ سول جج نارووال

ثریا بیگم وغیرہ بنام عوام الناس

دعوی درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

ثریا بیگم بیوہ محمد صدیق والدہ متوفی نور فاطمہ بیوہ کاشف علی متوفی محمد حسن ابراہیم پسر کاشف علی اقوام جٹ ساکن تلونڈی بھنڈراں تحصیل وضلع نارووال

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 16.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب حافظ شاہد جاوید صاحب جج فیملی کورٹ شکرگڑھ

روبینہ کوثر بنام سیکریٹری یونین کونسل گورالہ

دعوی استقرارحق

روبینہ کوثر زوجہ مقصود علی خاں ساکن گنگراں تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 20.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار ADLR/صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔انتقال وراثت متوفی عبدالشکور ولد محمد بلال قوم جٹ دھاڑیوال موضع بیلا سنگھ کوکارہ تحصیل منچن آباد۔

عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔جس میں متوفی کے وارثان 1 بیوہ حافظہ طاہرہ تسنیم ، 4 بیٹے محمد فاروق، محمد مبشر شکور، محمد شبیر شکور، محمد ابرار شکور زندہ حیات درج ہیں۔لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 7279

وراثت موضع وڈالہ سندھواں کے تحت متوفی عبد الطیف ولد نوابدین کا فوت ہونا مورخہ درج ہوا ہے اوراس کے قانونی وشرعی وارثان میں ندیم حسین تنظیم حسین ، عظیم حسین ،محمد ابوبکر پسران فرزانہ جاوید،عثمانہ وسیم دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگران وارثان میں سے یاان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہوتو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہرودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 891

وراثت موضع کوٹلی مرلاں کے تحت سائل کی والدہ محمد حسین ولد روڑا کا فوت ہونا مورخہ درج 06/08/2020 ہوا ہے اوراس کے قانونی و شرعی وارثان میں دلاور حسین ،محمد عارف،محمد وارث، طارق محمود پسران عذرا پروین، خالدہ پروین ،نادیہ توصیف،شازیہ شاہین دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج برپشت انتقال میں اگران وارثان میں سے یاان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہوتو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہرودستخط سے جاری ہوا

اطلاع عام

ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار عواالناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائرہ اقبال زوجہ ظفر اقبال (دختر بلقیس فاطمہ بیوہ محمد اقبال) قوم ڈار ساکن مکان نمبر پی 482 گلی نمبر 6 محلہ افغان آباد نمبر 1 فیصل آباد تحصیل وضلع فیصل آباد حال مقیم جلالپور جٹاں تحصیل وضلع گجرات ایک قطعہ سنگل سٹوری دکان نمبری B-Xii/P-40-A برقبہ تعدادی 136 مربعہ فٹ کا 1/2 حصہ برقبہ تعدادی 68 فٹ بروئے رجسٹری ٹی ون سیریل نمبر 12669 واقع محلہ خیبر جلالپور جٹاں کی مالکہ ومقبوضہ ہیں اور اپنا مذکور حصہ عاصم ضیاء ولد محمد اکرم قوم مرزا ساکن سلیمی ٹاؤن جلالپور جٹاں تحصیل وضلع گجرات کو فروخت کر رہی ہیں اگر کسی شخص /ادارے /ایجنسی کو اس پر کوئی عذر اعتراض ہو یا پھر دیگر کوئی ملکیت کا دعویدار ہو تو بعد از اشاعت اخبار اشتہار اندر تین یوم دفتر سب رجسٹرار گجرات کو تحریری طور پر مطلع کرے بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر

سب رجسٹرار گجرات

اشتہار گمشدگی پاسپورٹ

میرا وزارت داخلہ پاکستان کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ نمبری KE805920 دوران سفر اامتلائی چوک گجرات میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے براہ کرم جس کسی کو ملے مجھے مندرجہ ذیل ایڈریس پر پہنچا کر شکریہ کا موقع دے

المشتہر

سجاد اسلم ولد محمد اسلم سکنہ ڈاکخانہ علی پور شرقی کوٹ چنو تحصیل وضلع گجرات

بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب سول جج درجہ اول/ فیملی جج پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان ۔عمارہ سعید بنام نوید اکرم ۔دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع ۔اخبار اشتہار بنام ۔ نوید اکرم ولد محمد اکرم قوم مغل ساکن مکان نمبر 223D سٹریٹ نمبر 9 محلہ فیز 1 ڈیفنس ہاسنگ اتھارٹی لاہور کینٹ ضلع لاہور ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 15/03/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج /جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

دعوی دلاپانے خرچہ نان و نفقہ۔عنوان۔ رخسانہ پروین وغیرہ بنام محمد عرفان۔ اخبار اشتہار بنام ۔محمد عرفان ولد محمد الطاف قوم پٹھان ساکن خواجہ آباد شریف تحصیل جنڈ ضلع اٹک حال مقیم ہیڈ کوارٹر یونٹ 14 آرٹلری اوکاڑہ کینٹ)بطور حوالدار(ہر گاہ مقدمہ بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 15/03/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج /جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع ۔عنوان۔کوثر بشیر بنام محمد ندیم۔اخبار اشتہار بنام ۔محمد ندیم ولد نصیر احمد قوم بب ساکن چک نمبر 746 گ ب موضع بب تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ ہرگاہ مقدمہ بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 22/03/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب فاروق احمد صاحب گارڈین جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ ولائیت .

بعنوان: مسماۃ ساجدہ پروین بنام عوام الناس وغیرہ .

مسماۃ ساجدہ پروین بیوہ مختار احمد ذات جٹ ساکن چک نمبر 222 گ ب کوہالہ تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد بنام عوام الناس . ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں کسی کو اعتراض ہوتو مرخہ 18-03-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم افنان جاوید صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعوی: تنسیخ نکاح

عنوان: ریحانہ کوثر بنام اکرم علی اشتہار بنام: اکرم علی ولد محمد اسلم سکنہ محلہ دستگیرہ پورہ گلی نمبر 4 فیصل اباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ۔ 02.04.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینیئر سول جج گارڈین فیصل آباد

دعوی: تنسیخ نکاح وغیرہ

عنوان: عائشہ گل وغیرہ بنام بلال صفدر اشتہار بنام: بلال صفدر ولد صفدر سعید قوم بٹ ساکن مزار کالونی سبزہ زار لاہور حال مقیم مکان نمبر 53/A بٹ چوک کالج روڈ جوہر ٹاان لاہور

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ انتقال وراثت متوفی عمر حیات ولد غلام مرتضٰے (کنوارہ) چک نمبر 779 گ ب مہر آباد تحصیل پیرمحل برائے تصدیق پیش ہوا ہے، جس میں متوفی کے وارثان میں غلام مرتضٰے والد متوفی (پہلے فوت شد)، گلزار بیگم والدہ متوفی (پہلے فوت شد)، محمد ندیم برادر متوفی (بعد میں فوت شد)، محمد نوید کامران برادر متوفی زندہ، کنیز اختر، نسیم اختر ہمشیرگان متوفی زندہ ظاہر کیے گئے ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو اندر میعاد 3 یوم عدالت ہذا سے رجوع کرے بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

کروانے سے انکار کر کے اس تشویش میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل کے اندر ان کی فیملی، وکلاء یا قریبی رفقاء سے کیا خطرہ ہونا تھا جو ملاقاتوں سے روکا گیا۔ بانی چیئرمین کو اصل خطرہ اس سلیکٹڈ ٹولے سے ہے جو مسلسل ان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف مفاہمت کی باتیں کی جاتی ہیں اور دوسری جانب اس طرز کا رویہ ہے جس سے کئی سوال جنم لے رہے ہیں۔

بقیہ جات 35

تباہ ہو چکے ہیں، انتخابات میں پی ٹی آئی کو میدان میں نہیں آنے دیا گیا، ووٹر نے پولنگ ڈے پر ان سے بدلہ لیا لیکن ووٹ کے ذریعے تبدیلی کو تسلیم نہیں کیا گیا انہوں نے مینڈیٹ چھین کر قوم کی امید ختم کر دی ہے، میری ساری پیش گوئیاں سچ ثابت ہوئیں اب بتا رہا ہوں پاکستان میں سری لنکا والا کام ہونے جا رہا ہے، اب مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام باہر نکل آئے گی۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ کوئی ڈیل کی بات نہیں ہو رہی وکلا سے ملاقاتیں بند کر دی گئی ہیں، الیکشن میں دھاندلی کے خلاف ہمارا پرامن احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا، ہم انتخابات میں دھاندلی کے خلاف سپریم کورٹ بھی جائیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سینیٹ الیکشن میں پھر پیسہ چلنے والا ہے، گزشتہ سینیٹ انتخابات میں گیلانی کا بیٹا پکڑا گیا تھا آج تک اسے سزا نہیں ہوئی۔

بقیہ جات 36

چوہدری محمد اقبال نے صاحبزادہ حامد رضا کی مخصوص نشستیں نہ ملنے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب سے سوال کیا کہ کیا درخواست میں پنجاب حکومت کا جواب آیا ہے؟

بقیہ جات 37

نیلامی کے خلاف درخواست پر سماعت 21 مارچ تک ملتوی کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن نے درخواست پر سماعت کی۔ درخواست پی ٹی وی ورکر یونین نے رانا انتظار حسین ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر کر رکھی ہے، جس میں موقف اپنایا گیا کہ پی ایس ایل میڈیا رائٹس کی مالیت سات ارب پینتیس کروڑ روپے تھی جبکہ اسے غیر قانونی طور پر چھ ارب تیس کروڑ روپے میں نیلام کر دیا گیا، استدعا ہے کہ عدالت پی ایس ایل میں بے ضابطگیوں کا نوٹس لے۔ دوران سماعت جونیئر وکیل نے بتایا کہ سینئر وکیل بیرون ملک ہیں۔ جس پر عدالت نے کیس کی سماعت 21 مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ سماعت درخواست کو قابل سماعت ہونے پر دلائل طلب کر لیے۔ عدالت نے چیئرمین پی سی بی اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر رکھا ہے۔

بقیہ جات 38

چار دیواری کی تعمیر بالآخر مکمل ہو گئی، یہ ایک تاریخی سکیورٹی منصوبہ ہے جو 2221 ایکڑ رقبے پر پھیلے گوادر نارتھ فری زون (فیز ٹو) کے شمال اور جنوب کی جانب حفاظت کو یقینی بنائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق 14 فٹ اونچی سیمنٹ کی دیوار گوادر فش ہاربر سے شروع ہوتی ہے اور گوادر پورٹ سے تقریباً پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر کوہ مہدی (گوادر کے مشہور پہاڑ) پر ختم ہوتی ہے، یہ دیوار چھ لین والے ایسٹ بے ایکسپریس وے کے ساتھ ہے۔

بقیہ جات 39

گیا۔ بجلی چوروں کو 8 کروڑ 11 لاکھ 50 ہزار 7 4 9 یونٹس چارج کئے گئے جن کی مالیت 3 ارب 8 کروڑ 65 لاکھ 91 ہزار 507 روپے بنتی ہے۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریجن بھر میں 415 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ پکڑے جانے والے کنکشنز میں 17 کمرشل 3 زرعی اور 395 ڈومیسٹک تھے جنہیں منقطع کر کے ان کو 2 لاکھ 99 ہزار 320 یونٹس ڈیٹکشن بل کی مد میں چارج کئے جن کی مالیت 98 لاکھ 79 ہزار 230 روپے بنتی ہے۔ صدر قصور کے علاقے میں کنکشن کو 2 لاکھ 50 ہزار روپے، مغلپورہ کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ 67 ہزار 200 روپے، مغلپورہ کے ہی علاقے میں ایک ملزم کو 1 لاکھ 54 ہزار 4 4 0 اور صدر ننکانہ صاحب علاقے میں ایک ملزم کو 1 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم چارج کی گئی۔

بقیہ جات 40

ہوئے۔ وزارت اقتصادی امور کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی تا جنوری 2024 تک سی اے ٹی آئی

بعدالت جناب محترم احمد نواز صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پتوکی ضلع قصور۔

اپیل بنارضگی حکم مورخہ 18-01-2024 صدرہ جناب میڈم اقرا فاروق صاحبہ جج فیملی کورٹ پتوکی عنوان مقدمہ صوبیہ بی بی وغیرہ بنام غفار احمد وغیرہ اشتہار اخبار بنام غفار احمد ولد محمد منشا۔ مبشر اقبال ولد محمد منشا ساکنان بھوے شاہ ڈاکخانہ خاص شرقپور کلاں تحصیل شرقپور ضلع شیخوپورہ حال مقیم منڈی فیض ناجر بازا کیتاں والا کھوہ تحصیل وضلع ننکانہ صاحب ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مورخہ 21-03-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

اطلاع عام

ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائرہ اقبال زوجہ ظفر اقبال (دختر بلقیس فاطمہ بیوہ محمد اقبال) قوم ڈار ساکن مکان نمبر پی 482 گلی نمبر 6 محلہ افغان آباد نمبر 1 فیصل آباد تحصیل وضلع فیصل آباد حال مقیم جلالپور جٹاں تحصیل وضلع گجرات ایک قطعہ سنگل سٹوری دکان نمبری B-Xii/P-40-A برقبہ تعدادی 136 مربعہ فٹ کا 1/2 حصہ برقبہ تعدادی 68 فٹ بروئے رجسٹر پی ٹی ون سیریل نمبر 12669 واقع محلہ خیبر جلالپور جٹاں کی مالکہ ومقبوضہ ہیں اور اپنا مذکورہ حصہ عاصم ضیاء ولد محمد اکرم قوم مرزا ساکن سلیمی ٹاؤن جلالپور جٹاں تحصیل وضلع گجرات کو فروخت کر رہی ہیں اگر کسی شخص / ادارے / ایجنسی کو اس پر کوئی عذر اعتراض ہو یا پھر دیگر کوئی ملکیت کا دعویدار ہو تو بعد از اشاعت اخبار اشتہار اندر تین یوم دفتر سب رجسٹرار گجرات کو تحریری طور پر مطلع کرے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد از اں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر

سب رجسٹرار گجرات

بعدالت جناب محمد عامر سلطان کلاچی صاحب جج فیملی کورٹ گجرات

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع

عنوان: جمیلہ رانی بنا عثمان غنی

اشتہار بنام: عثمان غنی ولد نور احمد مکان نمبر 7 گلی نمبر 50 محلہ غالب کالونی ندیم شہید روڈ سمن آباد تحصیل وضلع لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 06-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

سی سے پاکستان کو 508.34 ملین ڈالر، ایشیائی ترقیاتی بینک سے 620 ملین ڈالر، اے آئی آئی بی سے 292.96 ملین ڈالر، آئی بی آر ڈی سے 125.98 ملین ڈالر، آئی ڈی اے سے 1.058 ارب ڈالر، آئی ایف اے ڈی سے 23.12 ملین ڈالر، اسلامی ترقیاتی بینک سے 60 ملین ڈالر، اسلامی ترقیاتی بینک سے قلیل المدت قرضہ 200 ملین ڈالر اور اوپیک فنڈ سے 27.81 ملین ڈالر کی معاونت ملی، اس دوران دوطرفہ پارٹنرز سے مجموعی طور پر 794.61 ملین ڈالر کی معاونت ملی۔ چین سے 42.18 ملین ڈالر، فرانس سے 30.64 ملین ڈالر، جرمنی سے 10.89 ملین ڈالر، جاپان سے 18.62 ملین ڈالر، جنوبی کوریا سے 12.38 ملین ڈالر، سعودی عرب سے 59.05 ملین ڈالر، سعودی تیل سہولت کی مد میں 595.18 ملین ڈالر، امریکا سے 25.67 ملین ڈالر ملے۔ اعداد وشمار کے مطابق اسی مدت کے دوران نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں 595.09 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی، ٹائم ڈیپازٹس کا حجم دو ارب ڈالر رہا۔

بقیہ جات 41

پڑھایا جا رہا ہے اس کے ذریعے ہم دنیا کا مقابلہ کہیں کر سکتے اس لئے نصاب میں جدت لانے کی ضرورت ہے، سرور فاؤنڈیشن، معراج خالد کے پلیٹ فارم سے تعلیم کے فروغ کیلئے اپنی استطاعت سے بڑھ کر کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ جات 42

لوگوں کو تمسخر اڑایا ہے۔ اس کارٹون کے حوالے سے روزنامہ لبریشن پر دنیا بھر میں تنقید کی جا رہی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لبریشن میں شائع ہونے والے کارٹون میں دکھایا گیا ہے کہ غزہ کا ایک باشندہ ایک چوہے کے پیچھے بھاگ رہا ہے جو منہ میں ہڈی دبائے ہوئے ہے۔ اس شخص کو ایک عورت روکتے ہوئے کہتی ہے کہ نہیں نہیں، غروب آفتاب سے پہلے نہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اس کارٹون کے حوالے سے اخبار کی پالیسی پر شدید نکتہ چینی کی جا رہی ہے۔ بہت سے مبصرین کا کہنا تھا کہ غزہ کے لوگوں کو اسرائیل نے گھیر رکھا ہے۔ ان پر مظالم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ ان کے حال زار کا یوں تمسخر اڑانا انتہائی قابل مذمت ہے۔

بقیہ جات 43

مقصود یوسفی پریس فریڈم اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی کے چیئرمین اور عبدالخالق علی کو ڈپٹی چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ اراکین میں انور ساجدی، عامر محمود، غلام نبی چانڈیو، سعید خاور، ڈاکٹر جبار خٹک، عارف بلوچ، حسن عباس، یحییٰ خان سدوزئی، ضیا تنولی، تنویر شوکت، شکیل احمد ترابی، فضل حق، شیر محمد کھاوڑ اور سید اعتزاز حسین شاہ شامل ہیں۔ اس کمیٹی کے اغراض و مقاصد میں معلومات تک رسائی کا حق (RTI) کا تحفظ، ضابطہ اخلاق پر مبنی صحافت کا فروغ، اسٹینڈنگ کمیٹی کو پریس سے متعلق معاملات پر آگہی اور سفارشات دینے کے ساتھ سالانہ بنیاد پر سی پی این ای کی پاکستان میڈیا فریڈم رپورٹ کا اجرا شامل ہے۔

بقیہ جات 44

بات کرتے ہیں تو مائیک بند کر دیئے جاتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہم کوشش کرتے ہیں برف پگھلے اور آگے بڑھیں، لیکن حکومتی اقدامات ہمیں دوراہے پر لے جا رہے ہیں، ہماری کوشش ہے پارلیمان میں بات کر کے آگے بڑھیں، بانی پی ٹی آئی سے ملنے آتے ہیں تو بھی قدغن لگایا جاتا ہے، ایسے حالات میں چلنا مشکل ہے لیکن اگلے ہفتے دیکھتے ہیں کیا کیا کرتے ہیں۔ رہنما پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ اڈیالہ جیل میں القادر ٹرسٹ کی سماعت تھی، جج صاحب آئے ہوئے تھے، ابھی تک 6 گواہوں کی پروسیڈنگ مکمل ہو چکی ہے، باقی وکلا کی طرح ہماری بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی ہے ان کی طبیعت ٹھیک ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ کابینہ میں بھی نگران سیٹ اپ کے ہی لوگ لائے گئے ہیں۔

بقیہ جات 45

جانب سے جاری مراسلے میں جیل حکام کو فوری انتظامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا کہ جیل کے تمام ملازمین کا قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذریعے سکیورٹی آڈٹ کروایا جائے اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کے ذریعے جیل کی مکمل چیکنگ کی جائے۔ بتایا گیا کہ جیل میں کام کرنے والے کنٹریکٹرز اور مزدوروں کی بھی جامع چھان بین کی جائے، ایسے افسران اور ملازمین جن کا جیل سے باہر آنا جانا رہتا ہے ان کی بھی جامع جانچ پڑتال کی جائے۔ مراسلے میں پولیس اور رینجرز کے ذریعے سکیورٹی مشقیں کرنے کی بھی ہدایت دی گئی ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کو دہشتگردوں کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کے خدشے پر بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سمیت تمام قیدیوں سے ملاقاتوں پر 2 ہفتے کے لیے پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ ذرائع نے بتایا تھا کہ انٹیلی جنس اطلاعات کی روشنی میں محکمہ داخلہ پنجاب نے اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سمیت تمام قیدیوں سے ملاقاتوں پر پابندی کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے جیل میں سرچ آپریشن بھی کیا جائے گا، محکمہ داخلہ پنجاب نے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب کو پابندی کا مراسلہ بھی جاری کر دیا ہے۔ مراسلے کے مطابق ملاقات پر پابندی کا اطلاق بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت تمام قیدیوں پر ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر رنگ پورہ / ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کشور بی بی زوجہ محبوب علی (دختر احمد علی) جو کہ موضع رنگ پورہ تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں احمد علی والد (پہلے فوت شد)۔ رحمائی والدہ، محمد صدیق برادر، عائشہ بی بی ہمشیرہ، محبوب علی خاوند (بعد میں فوت شد) وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد عامر سلطان کلاچی صاحب جج فیملی کورٹ گجرات

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع

عنوان: جمیلہ رانی بنا عثمان غنی

اشتہار بنام: عثمان غنی ولد نور احمد مکان نمبر 7 گلی نمبر 50 محلہ غالب کالونی ندیم شہید روڈ سمن آباد تحصیل وضلع لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 06-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب احمد ضیاء چوہدری صاحب سول جج درجہ اول گجرات

دعویٰ: استقرار حق معہ داوری مستقل

عنوان: ممتاز فاطمہ بنام DHO وغیرہ

اشتہار بنام: DHO تحصیل گجرات، سیکرٹری، ایڈمنسٹریٹر یونین کونسل صابووال گجرات

ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہم کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 15-03-2024 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی، اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

لاہور ہائیکورٹ ریسٹورنٹس کو افطار سے سحری تک کھلا رکھنے کی اجازت

لیسکو اہلکاروں کو درختوں کی کٹائی سے روکنے کی ہدایات' کوئی درخت کاٹنا ہو تو پہلے پی ایچ اے کو آگاہ کرے' عدالتی حکم

لاہور ہائی کورٹ نے سکولوں کے بچوں کو ہفتے میں ایک روز ماحولیات سے متعلق پریکٹیکل کروانے کی ہدایت کردی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے ریسٹورنٹس کو افطار سے سحری تک کھلا رکھنے کی اجازت دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس شاہد کریم نے تدارک سموگ سے متعلق دائر درخواستوں پر گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کردیا۔ عدالت نے سکولوں کے بچوں کو ہفتے میں ایک روز ماحولیات سے متعلق پریکٹیکل کروانے کی ہدایت کردی، جوڈیشل واٹر کمیشن کی رپورٹ کے مطابق سکولز بچوں کے سلیبس میں ماحولیات سے متعلق چیزیں شامل (بقیہ نمبر 14)

کراچی، پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ دھاندلی کیخلاف پٹیشن دائر کرنے کیلئے آرہے ہیں

انسداد تجاوزات کاروائیاں' 21 ٹرک سامان قبضے میں لے لیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور وایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمی رافعہ حیدر کی ہدایت پر شہر میں انسداد تجاوزات آپریشن جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز 21 ٹرک تجاوزات کا سامان قبضے میں لیا گیا، مختلف زونز میں 130 سے زائد پختہ شیڈ اور تھڑے مسمار کیے گئے جبکہ انسداد تجاوزات خلاف ورزیوں پر 460 کاؤنٹر وسامان ضبط کیا۔ ڈی سی لاہور رافعہ حیدر نے کہا کہ کاہنہ بازار، سرکلر روڈ، یتیم خانہ روڈ، جی ٹی روڈ اور ماڈل کورٹس کے علاقوں میں آپریشن کیا گیا، شہر کی اہم شاہراہوں پر تجاوزات کے (بقیہ نمبر 15)

فیصل آباد، معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا ہو گیا جبکہ مختلف واقعات کے دوران مسلح افراد کی فائرنگ سے 4 افراد بری طرح زخمی ہو گئے حملہ آور ہوائی فائرنگ اور دھمکیاں دیتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ مضروبان کو ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے اقدام قتل کے تحت مقدمات درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی' تاہم پولیس نے فائرنگ کرنے والے کو موقع سے گرفتار کر لیا واقع کے مطابق تھانہ چک جھمرہ کے نواحی گاں 188 رب نلے (بقیہ نمبر 17)

کراچی، وزیراعلی ہاؤس کے سامنے سیوریج لائن دھنس گئی

کراچی (این این آئی) ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ پر وزیراعلی ہاؤس کے سامنے واٹر کارپوریشن کی سیوریج لائن دھنس گئی۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطابق متاثرہ سیوریج لائن 24 انچ ڈایا کی تھی۔ واٹر کارپوریشن کے انجینئر اسد اللہ خان نے رات گئے متاثرہ مقام کا دورہ کیا۔ ترجمان کے مطابق دورے کے دوران چیف انجینئر سیوریج آفتاب عالم چانڈیو انکے ہمراہ تھے۔

مقدس گھڑیوں میں ملکی استحکام' سلامتی کی دعائیں مانگیں' عابد علی

رمضان المبارک کے سحر و افطار میں تنگ دست' پریشان خاندانوں پر دل کھول کر خرچ کریں

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے کہا ہے رمضان المبارک کی مقدس گھڑیوں میں پاکستان کے استحکام اور سلامتی کی دعائیں مانگیں۔ رحمتوں کے مقدس مہینے میں اپنے خالق و مالک کے دیئے ہوئے مخلوق خدا میں بانٹیں۔ دل کھول کر اللہ کی راہ میں خرچ کریں تنگ دل اور بخیل انسان کبھی خوش نہیں رہ سکتا۔ قلبی تسکین اور دلی اطمینان اللہ کی راہ میں (بقیہ نمبر 16)

ماہ صیام میں وطن عزیز کی سلامتی کیلئے دعائیں مانگیں' فدا حسین

فلسطین اور کشمیر سمیت دنیا بھر میں جہاں مسلمان ظلم کا شکار ان کے ظلم کی خلاصی کیلئے دعائیں کریں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین پاک چائنہ بزنس کمیونٹی حاجی فدا حسین نے کہا ہے رمضان المبارک کا آغاز رحمتوں کے ماہ صیام کی آمد میں وطن عزیز کی سلامتی کیلئے دعائیں مانگیں۔ فلسطین اور کشمیر سمیت دنیا بھر میں جہاں مسلمان ظلم کا شکار ان کے ظلم کی خلاصی کیلئے دعائیں کریں۔ پاکستان میں مشکلات اور تکالیف سے دوچار انسانوں پر رحمت اور کرم کی دعا کریں۔ رمضان المبارک میں (بقیہ نمبر 18)

رمضان خدا کو راضی کرنے خطاؤں کی معافی مانگنے کا مہینہ ہے' شیخ عبدالمتین

دلوں کو جوڑے رنجشوں کو مٹانے کے عمل سے رب کو راضی کریں' نائب صدر مرکزی تنظیم تاجران

لاہور (سٹی رپورٹر) آل پاکستان ٹرک ٹرالہ اونرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری و نائب صدر مرکزی تنظیم تاجران لاہور شیخ عبدالمتین نے کہا ہے رمضان المبارک خدا کو راضی کرنے خطاوں کی معافی مانگنے کا مہینہ ہے۔ دلوں کو جوڑے رنجشوں کو مٹانے کے عمل سے رب کو راضی کریں۔ مظلوم فلسطینیوں کو رمضان المبارک کی عبادات میں یاد رکھیں۔ فلسطینی مسلمانوں کی ظلم سے رہائی کیلئے خصوصی دعائیں (بقیہ نمبر 19)

لاہور، صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین اور وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی بادامی باغ سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ کر رہے ہیں

بلوچستان میں بارشیں 9 افراد جاں بحق 259 مکانات مکمل تباہ

موسلا دھار بارشوں کے دوران ماہی گیروں کی 80 کشتیاں بھی تباہ ہوئیں، گوادر سمیت دیگر متاثرہ اضلاع میں امدادی سرگرمیاں جاری

1 ہزار 40 مکانوں کو جزوی نقصان اور 4 سڑکیں تباہ ہوئیں جبکہ ایک پل سیلابی ریلے کی نذر ہو گیا' پی ڈی ایم نے اعداد و شمار جاری کر دیئے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں بارشوں سے 9 افراد جاں بحق، 259 مکانات مکمل تباہ ہو گئے۔ پی ڈی ایم اے نے حالیہ بارشوں کے دوران بلوچستان میں نقصانات سے متعلق رپورٹ جاری کرتے ہوئے جانی و مالی نقصان کے اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق گھروں کی چھتیں اور دیواریں گرنے کے واقعات میں بچوں سمیت 9 افراد جان کی بازی ہار گئے، جاں بحق افراد کا تعلق خاران، کیچ، بارکھان، چمن اور پشین سے (بقیہ نمبر 20)

فیصل آباد' گھر میں گیس کا سلنڈر لیک ہونے کی وجہ سے دھماکہ' 8 افراد شدید زخمی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد گھر میں گیس کا سلنڈر لیک ہونے کی وجہ سے دھماکہ کہ دو گھروں کی چھتیں گرنے سے 8 افراد ملبے کے نیچے دب کر شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق چک نمبر 202 رب گٹی نذر 20 لائن جھمرہ روڈ فیصل آباد کے عینی شاہدین کے مطابق گھر میں گیس کا سلنڈر لیک ہونے کی وجہ سے دھماکہ ہوا اور آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں گھر کی چھت گر گئی اور ساتھ والے گھر کی چھت بھی گر گئی۔ کالر کے مطابق دونوں گھروں کے کچھ افراد ملبہ کے نیچے دبے ہیں ریسکیو کنٹرول (بقیہ نمبر 21)

کراچی؛ سنگین مقدمات، جعلی ویزے میں مطلوب 4 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) جعلی ویزے اور سنگین مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان کو کراچی ایئرپورٹ پر گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے سنگین مقدمات اور جعلی ویزے میں مطلوب 4 ملزمان سہیل انجم، محمد اشرف، عبدالعزیز اور محمد سرور کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے نام اسٹاپ لسٹ میں شامل تھے اور ان کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت بھی مقدمات درج ہیں۔ ملزم سہیل انجم کو یو اے ای سے پاکستان پہنچنے پر گرفتار کیا گیا۔

دیسی کے نام جعلی مکھن گھی فروخت کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن

لاہور (این این آئی) ماہ مبارک میں دیسی کے نام جعلی مکھن گھی فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن، وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کے ہمراہ سمن آباد میں واقع معروف سپر سٹورز اور ٹولنٹن مارکیٹ چکن بردار گاڑیوں کی چیکنگ، 5 سپر سٹورز اینڈ مارٹس، 7 پولٹری شاپس، 6 چکن بردار گاڑیوں کی چیکنگ، 6 پوائنٹس 6 لاکھ 30 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے

لاہور، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان پرائس کنٹرول اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دنیا فلسطینی، کشمیری عوام کو امن دینے میں ناکام ہو چکی' متحدہ علماء کونسل

اسرائیل ہزاروں ٹن بارود فلسطین کے نہتے معصوم شہریوں پر برسا چکا ہے دنیا تماشائی بنی ہوئی ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دنیا فلسطینی اور کشمیری عوام کو امن دینے میں ناکام ہو چکی۔ فلسطین و غزہ پر اسرائیلی بمباری اور مقبوضہ جموں (بقیہ نمبر 22)

رمضان میں فلسطینیوں کی نسل کشی دنیا کے منہ پر طمانچہ ہے' جے یو آئی

اسرائیل کی طرف سے رمضان المبارک کے دوران مسجد اقصی کو بند رکھنے کا فیصلہ قابل مذمت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان میں فلسطینیوں کی نسل کشی دنیا کے منہ پر طمانچہ ہے،

بانی پی ٹی آئی مکافات عمل کا شکار ہے' میاں اسلم ندیم

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ اپنے دور حکومت میں ترقیاتی کام کروائے اور ملکی سلامتی کا تحفظ کیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) علماء و مشائخ ونگ لاہور ڈویژن کے سیکرٹری جنرل مولانا میاں اسلم ندیم نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی مکافات عمل کا شکار ہیں، ملک میں سیاست میں شدت پسندی کی بجائے دلیل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے، مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ اپنے دور حکومت میں ترقیاتی کام کروائے اور ملکی سلامتی کا تحفظ کیا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 23)

لاہور، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید سپر سٹورز اینڈ مارٹس میں اشیائے ضروریہ کے معیار کا جائزہ لے رہے ہیں

ایرانی حمایت یافتہ 4 بحرینی شہریوں پر امریکی پابندیوں کا اعلان

پابندیاں بحرین کی حکومت کے ساتھ کوآرڈی نیشن کے ساتھ لگائی ہیں، محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ بحرین کے دہشت گرد قرار دیے گئے گروپ الاشتر بریگیڈز سے وابستہ چار بحرینی باشندوں پر بھی پابندیاں لگا دی ہیں۔ یہ بحرینی گروپ ایرانی حمایت یافتہ بتایا جاتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس سلسلے میں امریکی وزارت خزانہ نے اس سلسلے میں ایک باضابطہ بیان بھی جاری کر دیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ بحرینی شہریوں پر یہ پابندیاں بحرین کی حکومت کے ساتھ کوآرڈی نیشن کے ساتھ لگائی ہیں گئی ہیں۔ پابندیاں لگانے کے اعلان میں بتایا گیا ہے کہ یہ چاروں افراد ایرانی حمایت یافتہ گروپ اشتر کے مددگاروں میں شامل تھے اور اشیا اور خدمات کی فراہمی کے علاوہ مالی و تکنیکی مدد بھی دیتے تھے۔ امریکی محکمہ خزانہ نے اس (بقیہ نمبر 1)

جرمن شہر فرینکفرٹ کے گلیاں بازار رمضان چراغاں سے سج گئے

یہ پہلا موقع ہے کہ کسی جرمن شہر کو رمضان کے مہینے میں آراستہ کیا گیا ہے، مقامی حکام

برلن (این این آئی) رمضان المبارک آتے ہی عالم اسلام میں مقدس ماہ کی رونقیں ہر سو پھیل جاتی ہیں مگر بعض یورپی ممالک میں بھی رمضان کی سرگرمیاں دیکھی جاتی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جرمن شہر فرینکفرٹ میں رمضان کے مقدس مہینے کی مناسبت سے قومی سطح پر ایک منفرد مثال قائم کرتے ہوئے شہر کے گلیوں اور بازاروں کو روشنیوں سے سجایا گیا تھا۔ انہوں نے باضابطہ طور پر ایک بڑے بینر کی نقاب کشائی کی جس میں رمضان مبارک لکھا ہوا تھا اور ستاروں اور لالٹینوں کی شکل میں روشنیوں کی نمائش کی۔ مقامی حکام اور جرمن میڈیا کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ کسی جرمن شہر کو (بقیہ نمبر 2)

کراچی، اینگرو پولر اینڈ کیمیکلز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جہانگیر پراچہ ٹریننگ حاصل کرنیوالی خاتون کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

بجلی، پٹرول، گیس قیمتوں میں واضح کمی انتہائی ضروری ہے' عمر سرفراز

بحرانوں میں گھری معیشت کو ریلیف اور سبسڈیز دے کر ہی اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جا سکتا ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) ایگزیکٹو بورڈ ممبر پیاف عمر سرفراز نے کہا ہے ملکی معیشت کو درپیش خطرات سے نکالنے کیلئے بجلی، پٹرول اور گیس کی قیمتوں میں واضح کمی انتہائی ضروری ہے۔ بحرانوں میں گھری معیشت کو ریلیف اور سبسڈیز دے کر ہی اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جا سکتا ہے۔ صنعتکار ملکی معیشت کا وہ اہم ترین ستون ہے جن سے لاکھوں گھروں کو روزگار ملتا ہے۔ صنعتیں چلنے سے ملک میں خوشحالی آئے گی غربت مہنگائی میں کمی آئے گی۔ صنعتکار اور تاجر کو قومی معاشی پالیسیز میں مشاورتی عمل میں شامل کرنے سے ملکی ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کی روشن منزل صنعتکار اور تاجر کے خوشحال ہونے سے ہی جڑی ہوئی ہے۔

سحر و افطار میں گیس کی بندش کو فی الفور بند کیا جائے، ایم کیو ایم

ایم کیو ایم کا کراچی میں سحر و افطار کے اوقات میں گیس کی غیر اعلانیہ بندش پر اظہارِ تشویش

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے اراکینِ قومی اسمبلی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں سحر و افطار کے اوقات میں گیس کی غیر اعلانیہ بندش پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایم کیو ایم رہنماؤں نے وفاقی، صوبائی حکومتوں اور اوگرا سے مطالبہ کیا ہے کہ غریب عوام پہلے ہی مہنگائی اور بے روزگاری کے عفریت سے نبرد آزما ہے لہٰذا سحر و افطار میں گیس کی بندش کو فی الفور روکنے کیلئے سد باب کیا

روزہ جسمانی عبادت اور قرب خداوندی کا ذریعہ ہے' میاں اختر علی

لائف سٹائل انٹرنیشنل کی مصنوعات میں ہمارا معیار افطاری میں اکسیر اور بے حد فائدہ مند ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) لائف سٹائل انٹرنیشنل کے چیف ایگزیکٹو میاں اختر علی نے کہا ہے رمضان المبارک کی بابرکت گھڑیوں میں سحر و افطار کے وقت ہمارے مشروبات دسترخوان کو صحت افزا بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ لائف سٹائل انٹرنیشنل کے مشروبات استعمال کر کے روزے کی حالت میں پیاس کی شدت سے بڑی حد تک بچاؤ ممکن ہے۔ روزہ ایک جسمانی عبادت اور قرب خداوندی کا ذریعہ ہے۔

صدقہ فطر' فدیے کی کم از کم مقدار 300 روپے فی کس ہے' مفتی منیب الرحمٰن

اہلِ ثروت اپنی مالی حیثیت کے مطابق فطرہ، فدیہ اور کفارہ ادا کریں، سابق چیئرمین رویت ہلال کمیٹی

کراچی (این این آئی) رویت ہلال کمیٹی کے سابق چیئرمین مفتی منیب الرحمان نے کہا ہے کہ رمضان میں صدقہ، فطر اور فدیے کی کم از کم مقدار 300 روپے فی کس ہے۔ تفصیلات کے مطابق مفتی منیب الرحمان نے فطرہ، فدیہ صوم اور کفارہ صوم کا اعلان کر دیا، رمضان میں صدقہ، فطر اور فدیے کی کم از کم مقدار 300 روپے فی کس ہے۔ مفتی منیب الرحمان نے بتایا کہ اہلِ ثروت (بقیہ نمبر 6)

فارم 45 کی فراہمی سے متعلق درخواست پر الیکشن کمیشن و دیگر کو نوٹس

عدالت عالیہ نے این اے 236 کے فارم 45 تاحال اپ لوڈ نہ کرنے کی وجوہات طلب کر لیں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی امیدوار عالمگیر کے فارم 45 کی فراہمی سے متعلق درخواست پر الیکشن کمیشن و دیگر کو نوٹس جاری کر دیئے۔ بدھ کو سندھ ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی حمایت یافتہ امیدوار عالمگیر خان کے فارم 45 کی فراہمی سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن نے تمام فارم ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دیئے ہیں۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ لوگوں نے حلف لے لیا ہے اسمبلیاں بن گئی ہیں آپ کو اسی وقت آنا تھا اب تو فارم اپ لوڈ ہو چکے ہیں

مارکیٹ میں پیاز، ٹماٹر اور آلو کی سپلائی کو بہتر بنا رہے ہیں' بلال یاسین

حکومت پھلوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں کمی کی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی وزیر

پیاز کی کم قیمت پر دستیابی کے لئے مختلف مقامات پر ٹرکنگ پوائنٹس قائم کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آء) رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو معیاری، وافر اور کم قیمت اشیائے ضروریہ کی فراہمی کا مشن جاری ہے۔ اس مقصد کیلئے صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین اور وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے بادامی باغ سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا اور ڈپٹی کمشنر رافعہ حیدر بھی صوبائی وزرا کے ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر خوراک اور وزیر زراعت نے سبزی و فروٹ منڈی میں پیاز کی نیلامی کے عمل کو مانیٹر کیا اور موقع پر ہدایات دیں۔ صوبائی وزرا نے مارکیٹ کمیٹی اور آڑھتیوں کے اجلاس کی صدارت کی اور مارکیٹ میں سبزی و فروٹ کی سپلائی کو (بقیہ نمبر 7)

لاہور، محنت کش خاتون اپنے اہل خانہ کی کفالت کیلئے سائیکل ریڑھی پر کھانے کی اشیا فروخت کر رہی ہے

پاکستان بھر میں کاروں کی فروخت 57 فیصد بڑھ گئی

مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں گزشتہ برس کی اس مدت کی نسبت 41 فیصد کمی واقع ہوئی

کراچی (این این آئی) فروری 2024 میں پاکستان بھر میں کاروں کی فروخت میں سالانہ بنیاد پر 57 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ کے دوران 59 ہزار 699 کاریں فروخت ہوئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کی فروخت کے مقابلے میں 41 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اس مدت کے دوران ایک لاکھ ایک ہزار 426 کاریں فروخت ہوئی تھیں۔ یہ اعداد شمار پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پاما) نے فراہم کیے ہیں۔

موبائل فون چھوڑ کر زیادہ سکون محسوس ہوتا ہے' 75 فیصد کی رائے

بچوں پر سوشل میڈیا کے اثرات پر امریکا میں شدید تشویش، کینیڈا نے بھی قواعد و ضوابط نافذ کر دیئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں تین چوتھائی طلبہ نے کہا ہے کہ اسمارٹ فون چھوڑ کر انہیں زیادہ سکون محسوس ہوتا ہے۔ پیو ریسرچ سینٹر کی طرف سے رائے عامہ کا یہ جائزہ ایسے وقت سامنے آیا ہے جب امریکا میں ڈیجیٹل پلیٹ فارمز تک بچوں کی رسائی کو کنٹرول کرنے پر بہت زیادہ زور دیا جا رہا ہے۔ بچوں کے ذہن پر ڈیجیٹل میڈیا کے اثرات کے حوالے سے امریکا بھر میں واضح تشویش پائی جاتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حکومت بھی اس معاملے میں دلچسپی لیتے ہوئے والدین کو مشورہ دے رہی ہے کہ وہ اسمارٹ فون کے عمومی استعمال اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز تک بچوں کی رسائی کے معاملے پر متوجہ رہیں

وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف سے انصاف کی اپیل
Punjab Information Technology Board
PRESS CLUB

لاہور، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے ملازمین کے ہاتھوں جنسی ہراسانی کا شکار ڈاکٹر ثانیہ سعادت اور سول سوسائٹی کی کثیر تعداد کیساتھ احتجاجی مظاہرہ کر رہی ہیں

ترکیہ میں سحری پر جگانے والا خواتین کا گروپ میدان میں آ گیا

مارسین کے ساحلی علاقے میں ڈھول بجا کر اور نغمے گا کر رہائشیوں کو جگایا گیا

انقرہ (این این آئی) ترکیہ میں سحری پر جگانے والے خواتین کے گروپ سے کچھ لوگ خوش جبکہ کچھ ناراض دکھائی دے رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے دوسرے دن کی سحری کے وقت خواتین کے ایک گروپ نے ترک ریاست مارسین کے ساحلی علاقے میں (بقیہ نمبر 13)

رمضان میں گیس و بجلی بل معاف اور عوام کو ریلیف دیا جائے' سنی علماء کونسل

ملک کے عوام صرف ریلیف کے دعووں کے نہیں عملی اقدامات کے منتظر ہیں' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ رمضان میں گیس و بجلی بل معاف اور عوام کو ریلیف دیا جائے، حکومت رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف دینے کے نام پر غریب عوام کا استحصال کرنا بند کرے، ملک کے عوام صرف (بقیہ نمبر 12)

Punjab Population
Innovation Fund

لاہور، ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی و چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف ثمن رائے اپنے آفس میں مختلف وفود سے ملاقات کر رہی ہیں

غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت کو آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری کیلئے صرف بیوروکریسی پر انحصار کی بجائے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشاورت کے عمل میں پیشگی شامل کرنا چاہیے، آئندہ بجٹ میں، زرعی ترقی، بلو اکانومی، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفرا اسٹرکچر اور صنعتی فروغ کے نئے منصوبوں کو ترجیح دینا ہو گی۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما چودھری امانت بشیر نے ٹیکس ماہرین کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں برآمدات کی ترقی پر بھی توجہ مرکوز کی جائے، چھوٹی سے چھوٹی (بقیہ نمبر 3)

جنسی ہراسانی میں ملوث چیئرمین انٹر بورڈ کی سزا کے خلاف اپیل مسترد

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے جنسی ہراسانی میں ملوث چیئرمین انٹر بورڈ کی سزا کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔ ترجمان کے مطابق نسیم میمن نے فیصلے کے خلاف گورنر سندھ سے سزا معافی کی اپیل کی تھی تاہم گورنر سندھ نے سزا برقرار رکھتے ہوئے معاملے کی انکوائری کا حکم بھی دیا ہے۔ واضح رہے کہ صوبائی محتسب نے خاتون ٹیچر کو ہراساں کرنے کے الزام میں بر (بقیہ نمبر 4)

چھوٹے خاندان کی افادیت دور رس نتائج کی حامل ہے' ثمن رائے

متوازن خاندان کی نئی سوچ اپنا کر بہتر مستقبل کی جانب قدم بڑھانا ہو گا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب و چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف ثمن رائے نے کہا ہے کہ متوازن خاندان کی نئی سوچ اپنا کر بہتر مستقبل کی جانب قدم بڑھانا ہو گا کیونکہ چھوٹے خاندان کی اہمیت و افادیت بارے آگہی وقت کا اہم تقاضا ہے۔ انہوں نے اپنے آفس میں مختلف وفود سے ملاقات میں کہا کہ پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک اور پنجاب وطن عزیز کا گنجان ترین صوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیملی پلاننگ کی ضروریات، سپلائی اور اس متعلقہ خدمات کی فراہمی میں موجود فرق کی وجہ سے اضافی بچوں کی پیدائش ریکارڈ کی گئی ہے۔ حقائق اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ فیملی پلاننگ کیلئے درکار ضروریات اور شرح نمو میں اضافے کا تناسب ایک دہائی سے برقرار ہے اور خاندانی منصوبہ بندی کے روایتی طریقوں سے اس فرق کا خاتمہ (بقیہ نمبر 11)

بھارت میں شہریت کے متنازع قانون کے خلاف مظاہرے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں شہریت کے متنازع قانون کے نفاذ کے خلاف مظاہرے شروع ہو گئے، مظاہرین نے مودی حکومت کے خلاف نعرے بھی لگائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق یہ مظاہرے ایسے وقت میں شروع ہوئے جب وزیراعظم نریندر مودی کی حکومت نے عام انتخابات سے محض چند ہفتے قبل 2019 کے سٹیزن شپ (شہریت) کے قانون کے نفاذ کے لیے قواعد کا اعلان کیا تھا۔ 11 مارچ کو شہریت (بقیہ نمبر 5)

لاہور، صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی معدنیات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملاقاتوں پر پابندی نہ ہٹائی تو اڈیالہ جیل کے باہر احتجاج کرینگے' شیر افضل مروت

بانی پی ٹی آئی کے کیس میں پیش رفت نہ ہونے پر ورکرز کا ردعمل ان کا حق' پنجاب حکومت نے 2 سال میں عوام پر بہت ظلم ڈھائے' میڈیا سے گفتگو

عوامی مینڈیٹ کی چوری میں الیکشن کمیشن ملوث ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کرنے دینا ثبوت ہے کہ ان کی صحت ٹھیک نہیں' وکیل علی بخاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ اگر ملاقاتوں پر سے پابندی نہ ہٹائی گئی تو اڈیالہ جیل کے باہر احتجاج کی کال دیں گے۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر پی ٹی آئی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کے دوران کہی۔ ان کا کہنا ہے کہ جیل میں ملاقاتوں پر پابندی کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کی ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے کیس میں پیش رفت نہ ہونے (بقیہ نمبر 10)

ایپل کی آئی او ایس کی نئی اپ ڈیٹ جاری کرنے کی تیاری

کیلیفورنیا (این این آئی) ٹیکنالوجی کمپنی ایپل اپنے آئی فون صارفین کے لیے آئی او ایس 17.4.1 کی تازہ ترین اپ ڈیٹ جاری کرنے کی تیاری کر رہی ہے جس کا مقصد سافٹ ویئر بگز اور سیکیورٹی کمزوریوں کو دور کرنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ فی الحال یہ بات مبہم ہے کہ کمپنی کی جانب سے آئی او ایس 17.4.1 کب متعارف کیا جائے گا۔ البتہ، امید کی جا رہی ہے کہ یہ اپ ڈیٹ اس ہفتے یا آئندہ ہفتے متعارف کرا دی جائے گی۔

سوشل میڈیا پر فحش مواد کی بھرمار' آئندہ سماعت پر پی ٹی اے سے پیش رفت رپورٹ طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے سوشل میڈیا پر فحش مواد کی بھرمار کے خلاف درخواست پر آئندہ سماعت پر پی ٹی اے سے پیش رفت رپورٹ طلب کر لی۔ بدھ کو سندھ ہائی کورٹ میں فیملی ولاگنگ کے نام پر سوشل میڈیا پر فحش مواد کی بھرمار کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ پی ٹی اے وکیل نے عدالت میں پیش رفت رپورٹ جمع کرا دی۔ وکیل پی ٹی اے نے رپورٹ میں بتایا کہ 30 ویب سائٹ میں سے 24 ویب سائٹ بلاک کر دی گئی ہیں۔

6 شہریوں کی گمشدگی کیخلاف درخواست پر پیش رفت رپوٹ طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 5 سالہ سعدیہ سمیت 6 شہریوں کی گمشدگی کے خلاف درخواست پر پیش رفت رپوٹ طلب کر لی ہے۔ بدھ کو سندھ ہائی کورٹ میں 5 سالہ سعدیہ سمیت 6 شہریوں کی گمشدگی کے خلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے شہریوں کی عدم بازیابی پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ مختلف ادرے کام کر رہے ہیں لیکن 5 سال کی بچی کو بازیاب نہیں کرا سکے

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

بجلی چوروں کو 3 ارب 8 کروڑ 65 لاکھ کے ڈیٹکشن بل جاری

181 روز کے دوران 20 ہزار 11 بجلی چور گرفتار کئے گئے' ترجمان لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور 181 روز کے دوران گرفتار ہونے والوں کی تعداد 20 ہزار 11 ہو گئی۔ ترجمان کے مطابق کریک ڈاؤن کے دوران مجموعی طور پر 63 ہزار 66 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 61 ہزار 866 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کروا کر 20 ہزار 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا (بقیہ نمبر 9)

کراچی، پاکستان رینجرز سندھ کے اہلکار گڈاپ ٹاؤن میں ایرانی تیل کی اسمگلنگ کیخلاف کارروائیوں کے دوران 22800 لیٹر ایرانی ڈیزل قبضے میں لے لیا

ایرانی تیل کی اسمگلنگ میں ملوث 14 ملزمان گرفتار

22800 لیٹر ایرانی ڈیزل، 6 فلنگ یونٹس، 6 ٹینک، 4 لاکھ سے زائد کیش برآمد

کراچی (این این آئی) پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ پاکستان رینجرز سندھ، پولیس اور کسٹم انٹیلی جنس نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی گڈاپ سپر ہائی وے سے ملحقہ علاقوں میں 3 مختلف مقامات پر کارروائی کے دوران ایرانی تیل کی اسمگلنگ میں ملوث 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے 22800 لیٹر ایرانی ڈیزل، 6 فلنگ یونٹس، 6 ٹینک، 4 لاکھ 98 ہزار 350 روپے کیش اور 17 موبائل فونز برآمد کر کے 5 ٹرک اور 2 کاریں بھی تحویل میں لے لی گئی ہیں۔ پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے اسمگلنگ کے مکمل خاتمے تک آپریشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ گرفتار ملزمان کو بمعہ ایرانی تیل، گاڑیاں، کیش اور دیگر سامان مزید قانونی کارروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کر دیا گیا

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE

اعلان تقرری

خورشید اسلم کو

کا گجرات میں ڈسٹرکٹ رپورٹر مقرر کیا گیا ہے

تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں